ماڈل پیپر "عمرانیات"

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

(حصہ معروضی)

وقت: 30منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر:20

تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4(چار) ممکنہ جواب A، C،B اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، C،B یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) عمرانیات مطالعہ کرتی ہے۔

(الف) معاشرتی تعلقات کا　(ب) جانوروں کا　(ج) فلکیات کا　(د) ادب کا

(ii) عمرانیات کو اداروں کی سائنس کہا۔

(الف) ڈورخائم نے　(ب) پارسنز نے　(ج) کومٹے نے　(د) امام غزالی نے

(iii) سائنس کا علم جمع کیا جاتا ہے

(الف) کائنات کو سمجھنے کے لئے　(ب) امتحان کی تیاری کے لئے　(ج) انٹرویو کے لئے　(د) کاروبار کے لئے

(iv) معاشرتی تفاعل کی مثال ہے۔

(الف) ورزش کرنا۔　(ب) سائیکل چلانا　(ج) ٹیلی فون پر بات کرنا　(د) سونا

(v) رکی ہوئی بس کو دھکا لگانا ہے۔

(الف) معاشرتی درجہ بندی　(ب) عمرانیات　(ج) معاشرتی عمل　(د) معاشرتی تفاعل

(vi) معاشرتی گروہ کی تشکیل کے لئے کم از کم افراد۔

(الف) ایک　(ب) دو　(ج) تین　(د) چار

(vii) فٹ پاتھ پر مداری دیکھنے والے تماشائی کون سا گروہ بناتے ہیں۔

(الف) ابتدائی گروہ　(ب) رسمی گروہ　(ج) غیر رسمی گروہ　(د) ثانوی گروہ

(viii) منصب کی عملی شکل کا نام۔

(الف) درجہ　(ب) تفاعل　(ج) کارمنصب　(د) گروہ

(ix) اکتسابی منصب کے لئے ضروری ہے۔

(الف) خاندان　(ب) ذاتی صلاحیت　(ج) جنس　(د) ذات

(x) سب سے اہم معمولات ہیں۔

(الف) لوک ریت　(ب) معروف آداب　(ج) قوانین　(د) اقدار

(xi) غیر رسمی منفی مستجات ہے۔

(الف) طنز آمیز　(ب) شاباش دینا　(ج) پھانسی دینا　(د) چالان کرنا

(xii) قانون کی خلاف ورزی کرنے والا کہلاتا ہے۔

(الف) بے راہ رو　(ب) منحرف　(ج) آوارہ　(د) مجرم

(xiii) کس فلسفی نے یہ کہا ہے کہ انسان معاشرتی حیوان ہے؟

(الف) ارسطو (ب) امام غزالی (ج) کومٹے (د) سپنسر

(xiv) کون سا معاشرہ اپنی رہائش مسلسل تبدیل کرتا ہے؟

(الف) خانہ بدوش معاشرہ (ب) روایتی معاشرہ (ج) جدید معاشرہ (د) قدیم معاشرہ

(xv) معاشرہ کی بنیادی اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

(xvi) ثقافت نام ہے۔

(الف) ناچ گانے کا (ب) لباس کا (ج) رہن سہن کے انداز کا (د) کھانے پینے کا

(xvii) معاشرہ میں ترقی کی بڑی وجہ ہے۔

(الف) معاشی حالت (ب) سڑکیں (ج) تعلیم (د) عمارتیں

(xviii) عصبیت کا نظریہ پیش کیا۔

(الف) اگسٹ کومٹے نے (ب) میکس ویبر نے (ج) ابن خلدون نے (د) ڈرخائم نے

(xix) معاشرہ کی ریڑھ کی ہڈی سمجھے جاتے ہیں۔

(الف) معاشرتی ادارے (ب) معاشرتی تفاوت (ج) شہر (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xx) تنخواہ میں اضافہ ہے۔

(الف) افقی حرکت پذیری (ب) عمودی حرکت پذیری (ج) زمینی حرکت پذیری (د) رسمی حرکت پذیری

ماڈل پیپر "عمرانیات"

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ ۔I

حصہ انشائی

وقت: 2-30 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 80

نوٹ۔ سوال نمبر 1، 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 25 (پچیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

حصہ اول　　　　　25x2=50

سوال نمبر 1۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) عمرانیات کیا ہے؟ مختصر بیان کیجئے۔
(ii) عمرانیات کے کوئی سے چار اہم دائرہ کار بیان کیجئے۔
(iii) دیہی کمیونٹی کی عمرانیات سے کیا مراد ہے؟
(iv) مذہب کی عمرانیات سے کیا مراد ہے؟
(v) عمرانیات کیونکر ایک معاشرتی سائنس ہے؟
(vi) عمرانیات بطور سائنس کی خوبیاں بیان کیجئے؟
(vii) صحت کے شعبے میں عمرانیات کا اطلاق تحریر کیجئے۔
(viii) جرائم کی روک تھام میں ماہر عمرانیات کا کردار بتائیے۔
(ix) تعلیم کے شعبے میں عمرانیات کا اطلاق بتائیے۔

سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) داخلی گروہ سے کیا مراد ہے؟
(ii) رسمی گروہ کی تعریف کیجئے۔
(iii) منصب سے کیا مراد ہے؟
(iv) منصب اور کار منصب کا تعلق واضح کیجئے۔
(v) اکتسابی منصب سے کیا مراد ہے؟
(vi) تصادم کار منصب سے کیا مراد ہے؟
(vii) معاشرتی مستحبات کی تعریف لکھیے۔
(viii) معاشرتی مستحبات کی اہمیت تحریر کیجئے۔
(ix) معاشرتی انحراف سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) خانہ بدوش اور اقامتی معاشرہ کے درمیان دو فرق تحریر کیجئے۔
(ii) معاشرہ کے عناصر تحریر کیجئے۔
(iii) ہرسکوٹس کی ثقافت کی تعریف لکھیئے۔
(iv) ثقافتی مماثلت کی چار وجوہات بیان کیجئے
(v) معاشرتی و ثقافتی تغیر کے درمیان تعلق واضح کیجئے۔
(vi) ابن خلدون نے عصبیت کی کیا تعریف کی ہے؟
(vii) ثقافتی اضافیت سے کیا مراد ہے؟
(viii) عصبیت کے فوائد تحریر کیجئے۔
(ix) معاشرتی ادارے کے عناصر تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) سماجی تفاعل کی تعریف کیجئے۔
(ii) سماجی عمل کی تعریف تحریر کیجئے۔
(iii) معاشرتی گروہ کے عناصر بتائیے۔
(iv) معاشرتی انحراف کی وجوہات تحریر کیجئے۔
(v) سماجی ضبط سے کیا مراد ہے؟
(vi) دیہی معاشرہ کے خواص تحریر کیجئے۔
(vii) معاشی ادارے کے وظائف تحریر کیجئے۔
(viii) معاشرتی درجہ بندی کے عناصر تحریر کیجئے۔
(ix) معاشرتی تغیر کی تعریف کیجئے۔
(x) خاندان کے وظائف تحریر کیجئے۔

حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 10x3 = 30

سوال نمبر 5۔ معاشرتی تفاعل اور معاشرتی عمل میں فرق واضح کریں۔ 10

سوال نمبر 6۔ ابتدائی گروہ کی تعریف کریں نیز اس کی خصوصیات بھی تحریر کریں۔ 10

سوال نمبر 7۔ معاشرتی معمولات کی اقسام تحریر کریں۔ 10

سوال نمبر 8۔ معاشرہ سے کیا مراد ہے؟ انسانی و حیوانی معاشرہ میں فرق واضح کریں۔ 10

سوال نمبر 9۔ معاشرتی حرکت پذیری سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام تحریر کریں۔ 10